
گیلپ اور گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 30 جنوری، 2026

# صرف 17% پاکستانیوں نے الیکٹرانک سگریٹس یا ویپنگ کے بارے میں سنا ہے؛اس حوالے سے زیادہ آگاہی نوجوانوں، شہری آبادی اور تعلیم یافتہ افراد میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی۔






برائے مہربانی بتائیں کہ آپ الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ کے بارے میں جانتے ہیں یا سنا ہے؟ (الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ ایسا عمل ہے جیسے سگریٹ پینا، لیکن اس میں دھواں نہیں بلکہ بخارات ہوتے ہیں، جو ایک مشین/آلہ کے ذریعے لی جاتی ہے)

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

صحت کی دیکھ بھال

**عوامی صحت سے آگاہی**

تمباکو اور نکوٹین کے متبادل (الیکٹرانک سگریٹس یا ویپنگ)

## صرف 17% پاکستانیوں نے الیکٹرانک سگریٹس یا ویپنگ کے بارے میں سنا ہے؛ اس حوالے سے زیادہ آگاہی نوجوانوں، شہری آبادی اور تعلیم یافتہ افراد میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی۔


(اسلام آباد)، 30 جنوری 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 17% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے الیکٹرانک سگریٹس یا ویپنگ کے بارے میں سنا ہے، جبکہ پاکستانیوں کی اکثریت 83% کے مطابق انہوں نے اس کے بارے میں کچھ نہیں سنا ہے۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان میں عام عوام کے درمیان ویپنگ سے متعلق آگاہی محدود ہے۔

"ویپنگ اور چبانے والے تمباکو کے بارے میں عوامی آگاہی اور رویے" کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ حاصل کرنے کے لیے. برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ آپ الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ کے بارے میں جانتے ہیں یا سنا ہے؟** "۔اس سوال کے جواب میں، 17% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ کے بارے میں جانتے ہیں یا اُنھوں نے اس حوالے سے سنا ہے، جبکہ 83% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُنھوں نے اس حوالے سے نہیں سنا ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ کے بارے میں جانتے ہیں یا سنا ہے؟ (الیکٹرونک سگریٹ/ویپنگ ایسا عمل ہے جیسے سگریٹ پینا، لیکن اس میں دھواں نہیں بلکہ بخارات ہوتے ہیں، جو ایک مشین/آلہ کے ذریعے لی جاتی ہے)؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1,153 خواتین اور مرد حضرات سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**شہری۔دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** علاقوں کے اعتبار سے اس حوالے سے رجحان میں نمایاں فرق دیکھنے میں آیا ہے۔ شہری علاقوں میں رہنے والے 26% جوابدہندگان نے بتایا کہ انہوں نے ویپنگ کے بارے میں سنا ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح صرف 12% پائی گئی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** کم عمر پاکستانیوں میں ویپنگ کے بارے میں آگاہی بڑی عمر کے گروپ کے افراد کے مقابلے میں زیادہ پائی گئی۔ 30 سال سے کم عمر کے 20% جوابدہندگان کے مطابق انہوں نے الیکٹرانک سگریٹس کے بارے میں سنا ہے، جبکہ 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح 15% اور 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں بھی 15% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے اس رجحان میں سب سے زیادہ اور نمایاں فرق دیکھنے میں آیا۔ ایف اے یا اس سے زائد تعلیم یافتہ جوابدہندگان کی 43% شرح نے الیکٹرانک سگریٹس سے آگاہ ہونے کی اطلاع دی، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ میں یہ شرح صرف 12% رہی—یعنی دونوں میں 31% کا نمایاں فرق پایا گیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**
_The Pakistani Affiliate of Gallup International_

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 30th January 2026**

_(3 Pages, Urdu version only)_

**_Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe._**

_Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan._

_If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us._

_Best Regards,_
_Gallup Pakistan_

**_Disclaimer:_** _Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as_ **_Gallup Pakistan_** _(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by_ **_Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association._**

_For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:_

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)